15-07-2024 Monday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ میں کسانوں کے دولاکھ روپے تک زرعی قرضہ جات معاف کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے رہنمایانہ خطوط جاری کئے گئے ہیں۔

۲۔ ریاست بھر میں رعیّتو بھروسہ اسکیم نافذ کرنے کے لئے تیزی سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

۳۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہاہے کہ شجر کاری صرف حکومت کا پروگرام نہیں، بلکہ اس کا مقصد آنے والی نسلوں کی حفاظت ہے۔

۴۔ چیف منسٹرس ریلیف فنڈ کے تحت درخواستیں داخل کرنے کے لئے آج آن لائن پورٹل جاری کیا گیا۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے تلنگانہ میں اراضی رکھنے والے ہر کسان کے لئے دولاکھ روپے تک زرعی قرض کو معاف کرنے کے لئے آج رہنمایانہ خطوط جاری کئے ہیں۔ زرعی قرضہ جات کو معاف کرنے سے متعلق اس اسکیم سے وہ کسان استفادہ کے اہل ہیں، جنہوں نے ریاست میں شیڈولڈ کمرشیل بینکس، ریجنل رورل بینکس اور ڈسٹرکٹ کوآپریٹیو سنٹرل بینک سے قرض حاصل کیا تھا۔ یہ اسکیم ان کسانوں کے لئے جاری کی گئی ہے، جنہوں نے 12 دسمبر 2018ء کے بعد قرض لیا تھا۔ اِس اسکیم کے تحت ہر کسان کا خاندان دولاکھ روپے تک رقم معاف کئے جانے کا اہل ہوگا۔ محکمہ زراعت کے کمشنر و ڈائرکٹر کو اس اسکیم کو نافذ کرنے کے لئے ذمہ داری دی گئی ہے، جبکہ نیشنل انفارمیٹک سنٹر حیدرآباد اس اسکیم میں معاون ہوگا۔ زراعت کے سکریٹری رگھونندن راؤ کے مطابق ریاستی حکومت زراعت کو نفع بخش اور پائیدار بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے دیہی معیشت کو مستحکم کرنے، زرعی ترقی کو فروغ دینے اور کسانوں کی بھلائی کو بہتر بنانے کے مقصد سے یہ اسکیم شروع کی ہے۔

☆☆☆

نئی دہلی میں آج سے انڈین کونسل آف اگریکلچرل ریسرچ (آئی سی اے آر) کے دوروزہ فاؤنڈیشن اور ٹکنالوجی پروگرام کا آغاز ہوا۔ پہلے دن زراعت اور اس سے متعلق ٹکنالوجی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے اسکولی طلبہ کو مدعو کیا گیا۔ طلبہ میں اس موقع پر ایک نمائش کا بھی مشاہدہ کیا جو زرعی اختراعات اور ٹکنالوجی پر مبنی ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بھلائی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کل سرکاری طور پر اِس پروگرام کا افتتاح کریں گے، جبکہ اس موقع پر مملکتی وزیر برائے زراعت و بہبود کسان بھاگیرتھ چودھری اور رام ناتھ ٹھاکر موجود رہیں گے۔

☆☆☆

اسکل ڈیولپمنٹ اور چھوٹی تجارتوں کے مرکزی وزیر جینت چودھری نے کہا ہے کہ اسکل انڈیا اسکیم کے تحت اب تک ایک کروڑ 46 لاکھ سے زائد افراد کو باصلاحیت بنایا گیا ہے۔ نئی دہلی میں آج ورلڈ یوتھ اسکلس ڈے پروگرام کے موقع پر چودھری نے کہا کہ گزشتہ 10 سال کے دوران انجام دئے گئے کارناموں سے بہت کچھ سیکھا گیا۔ جس کی مدد سے ملک کو سال 2047ء تک ایک ترقی یافتہ بنانے کے سفر میں استعمال کیا جائے گا۔ وزیر نے مزید کہا کہ اس سال کا موضوع ''امن اور ترقی'' دیا گیا ہے۔

☆☆☆

انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹس آف انڈیا (آئی سی اے آئی) کی جانب سے حیدرآباد کے شلپا کلاویدکا میں کل اے آئی اینوویشن سمٹ۔ اے آئی ایس 2024ء کا انعقاد عمل میں آئے گا۔ یہ کانفرنس دودن جاری رہے گی، جس میں آرٹیفیشل انٹلیجنس اور مختلف ٹکنالوجیوں کے ذریعہ صنعتوں میں آنے والی انقلابی تبدیلیوں کا احاطہ کیا جائے گا۔ انسٹیٹیوٹ کی جانب سے آج ایک ریلیز میں یہ بات بتائی گئی۔ اس کانفرنس کا موضوع ''ٹرانسفارمنگ اکاؤنٹنگ، آڈیٹ، ٹیکس اور حکمرانی'' دیا گیا ہے۔

☆☆☆

بیک ورڈ کلاس جن سبھا کے صدر راجہ رام کو دیگر جہت کاروں کے ساتھ آج اُس وقت گرفتار کرلیا گیا جب وہ بی سی جن سبھا کے کارکنوں کے ساتھ سکریٹریٹ کی طرف بڑھنے کی کوشش کررہے تھے۔ انتخابات کے دوران کانگریس پارٹی کی جانب سے کئے گئے وعدوں کے سلسلہ میں بیک ورڈ کلاس ویلفیر اسوسی ایشن کے قومی صدر کرشنیا اور بی سی جن سبھا کے صدر راجہ رام نے چلو سکریٹریٹ کا اعلان کیا تھا۔ ان کے مطالبات میں دو لاکھ ملازمتوں کے لئے تقررات، ملازمتوں کے کیلنڈر کا اجرأ، میگا ڈی ایس سی کے لئے اعلامیہ کی اجرائی، گروپ 2 اور 3 کی جائیدادوں میں اضافہ، ڈی ایس سی امتحانات کو ملتوی کرنے اور گروپ 1 مین امتحان کے لئے امیدواروں کو ایک نسبت 100 کی شرح سے طلب کرنا شامل ہیں۔ بی سی جن سبھا ورکرس نے سکریٹریٹ میں داخل ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس نے انہیں روک دیا۔ اِس موقع پر راجہ رام یادو نے ڈی ایس سی امتحان کو ملتوی کرنے کا مطالبہ کیا اور انتباہ دیا کہ اگر ڈی ایس سی امتحان کو ملتوی نہ کیا گیا تب وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی رہائش گاہ کا گھیراؤ کیا جائے گا۔

☆☆☆

تلنگانہ کے اضلاع نظام آباد، وقار آباد، سنگا ریڈی، میدک اور کاما ریڈی میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ توقع ہے کہ آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست بھر میں مختلف مقامات پر شدید بارش ہوگی۔ اسی مدت کے دوران چند اضلاع میں کہیں کہیں بوندہ باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون سرگرم ہوگیا ہے۔ ضلع منچریال میں مختلف مقامات پر شدید بارش ہوئی، جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بھوپال پلی، محبوب نگر، وقار آباد اور حیدر آباد میں مختلف مقامات پر بھی شدید بارش درج کی گئی۔

☆☆☆

عظیم تر بلدیہ حیدر آباد جی ایچ ایم سی کی کمشنر امر پالی کٹھا نے آج عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ شہر حیدر آباد کی سڑکوں پر سوچھ آٹوز کی تعداد پر نظر رکھی جائے۔ امر پالی نے زونل کمشنرس کو یہ ہدایت بھی دی کہ سوچھ آٹوز کی غیر حاضری کی تفصیلات رکھی جائیں اور اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ان آٹوز کی جانب سے ٹیم ٹیبل کو برقرار رکھا جائے۔ ایک ٹیلی کانفرنس میں کمشنر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ یہ بات یقینی بنائی جائے کہ سوچھ آٹوز کی جانب سے صرف رات کے وقت ہی تجارتی مقامات سے کچرہ حاصل کیا جائے۔ سیری لنگم پلی کے زونل کمشنر اوپیندر ریڈی کو حفظانِ صحت کی برقراری کے کام کے لئے ذمہ دار بنایا گیا ہے۔ ایڈیشنل کمشنر (یو سی ڈی) کو بھی یہ ہدایت دی گئی کہ سنیما تھیٹرس میں پارکنگ کی قیمتوں کا دوبارہ جائزہ لیا جائے نیز غیر قانونی تعمیرات پر نظر رکھنا، سینئر عہدیداروں کی ترجیح ہونی چاہئے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے شجر کاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے آنے والی نسلوں کی صحت اچھی رہے گی اور ان کا مستقبل خوش حال رہے گا۔ کریم نگر میں واقعہ ساتاواہانہ یونیورسٹی میں منعقدہ وانا مہوتسوم پروگرام میں آج حصہ لیتے ہوئے وزیر نے اعلان کیا کہ شہر کے ہر گھر کو پھلوں اور دیگر ضروری پودے فراہم کئے جائیں گے۔ انہوں نے درختوں کی حفاظت کی ذمہ داری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں 43 لاکھ پودے لگانے کا نشانہ رکھا گیا ہے۔ وزیر پونم پربھاکر نے مزید کہا کہ شجر کاری صرف حکومت کا ایک پروگرام نہیں ہے، بلکہ یہ ایک عوامی پروگرام ہیں، جس کا مقصد آنے والی نسلوں کی حفاظت اور سماجی ذمہ داری کو فروغ دینا ہے۔

☆☆☆

ایر کموڈر، روشی کیش جگناتھ نے آج ایرفورس اسٹیشن بیگم پیٹ پر ایر آفیسر کمانڈنگ کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ وہ گروپ کیپٹن منیش کمار کی جگہ اِس عہدہ پر فائز ہوئے ہیں۔ جگناتھ نے 1995ء میں ہندوستانی ایرفورس کی فلائنگ برانچ میں شمولیت اختیار کی تھی، جبکہ وہ ایک کوالیفائیڈ فلائنگ انسٹرکٹر ہیں۔ انہیں صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے وائیو سینا میڈل بھی دیا جاچکا ہے۔

☆☆☆

آندھرا پردیش میں پیش آئے آج سڑک حادثہ میں زائد از 15 مسافر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ صبح کی اولین ساعتوں میں ضلع محبوب نگر کے منڈل جڑچرلہ کے قریب قومی شاہراہ 44، بریدی پلی جنکشن پر اس وقت پیش آیا جب دھرماورم جانے والی ایک بس نے ایک کیریئر ٹرک کو ٹکر دے دی۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس جانکی کے مطابق اس حادثہ کے فوری بعد بس میں تیزی سے آگ لگ گئی۔ انہوں نے کہا کہ بس اور ٹرک ایک ہی سمت جارہے تھے، تب ہی ٹرک ڈرائیور نے اچانک یوٹرن لیا۔ بس میں 36 مسافر سوار تھے، جو حیدرآباد سے دھرماورم جارہی تھی۔ اس واقعہ میں تاہم کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔

☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے آج چیف منسٹرس ریلیف فنڈ کے لئے ایک آن لائن اپلی کیشن پورٹل جاری کیا ہے۔ یہ پورٹل شروع کرنے کا مقصد فنڈس کے غلط استعمال کو روکنا ہے اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ فنڈس سے مستحق افراد استفادہ کریں۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ اِس ریلیف فنڈ کے ذریعہ ضرورتمند افراد کو مالی تعاون فراہم کیا جائے گا۔ درخواست کنندوں کو چاہئے کہ مقامی عوامی نمائندوں کا سفارشی خط، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ویب سائٹ پر پوسٹ کریں۔

☆☆☆

ریاستی حکومت کی جانب سے رعیّتو بھروسہ اسکیم کو نافذ کرنے کے لئے تیزی سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت کسانوں کی مالی مدد کی جاتی ہے۔ اس سلسلہ میں ایک سب کمیٹی بنائی گئی ہے، جو کسانوں سے تجاویز اور ان کی رائے حاصل کررہی ہے۔ ہنمکنڈہ میں آج کسانوں کے تعلق سے ایک ورک شاپ منعقد ہوا جس میں نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور وزراء ناگیشور راؤ، سرینواس ریڈی، سریدھر بابو اور کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے شرکت کی۔